نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں کپاس کی پیداوار گزشتہ سال کے مقابلہ میں 79.1 فیصد زیادہ حاصل ہوئی۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 15 اکتوبر 2023:(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کراپ رپورٹنگ سروس کے تخمینہ کے مطابق اب تک صوبہ پنجاب میں گزشتہ سال کپاس کی پیداوار 28 لاکھ 6 ہزار گانٹھوں کے مقابلہ میں 50 لاکھ 26 ہزار گانٹھیں ریکارڈ کی گئی ہے۔اس طرح صوبہ پنجاب میں کپاس کی پیداوار میں گزشتہ سال کے مقابلہ میں 79.1 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔اب تک کپاس کے ٹینڈے کا اوسط وزن میں 13.1 فیصد اضافہ کے ساتھ 2.85 گرام ریکارڈ کیا گیا ہے جو پچھلے سال 2.52 گرام تھا۔

☆☆☆☆